14 - وسائل کا تعارف

اس عنوان کو سن کر آپ کو کیا سمجھ میں آتا ہے؟ وسائل اس لفظ کا مطلب کیا ہے؟ ہر ایک کا کچھ نہ کچھ مقصد ہوتا ہے۔اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے ہمیں کچھ چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ان چیزوں کو وسائل کہتے ہیں۔جیسے آپ کا مقصد ہے دسویں کے امتحان میں کامیاب ہونا۔اس کے لیے کون کونسی چیزیں ضروری ہیں۔

1)وقت 2) توانائی 3) کتابیں 4) قلم 5)کاغذ 6) اساتذہ وغیرہ یہ سب وسائل ہیں۔

مقصد:

1) ہدف، وسائل اور مینجمنٹ جیسی اصطلاحات کو بنان کرنا۔

2) مختلف قسم کے اہداف کی شناخت کرنا۔

3) ہر دن کے لیے مینجمنٹ کی اہمیت۔

4) تشخیص کی اہمیت کو جاننا۔

سرگرمی 1:

مقصد کو سمجھنے کے لیے ذہنی نقشے کی سرگرمی کریں۔سبھی طلباء کے الگ الگ مقصد ہونگے۔ ہر ایک کو اپنا مقصد بتانا ہے اور اسے پورا کرنے کے لیے جن وسائل کی ضرورت ہوتی ہے۔وہ بتانا ہے۔

آیئے بحث ومباحثہ کریں۔

1) مقصد کیا ہے۔

2) مینجمنٹ یا وسائل کیا ہیں؟اس پر بحث کریں۔

سرگرمی 2:

طلباء کے ذریعے اخذ کئے گئے مقاصد میں سے کسی ایک پر اس سے جڑے وسائل پر ذہنی نقشہ سرگرمی اور بات چیت کرنا اور وسائل کے طریقے سمجھنا۔وہ مقصد جنہیں ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ہدف کہلاتا ہے۔ ہدف کو حاصل کرنے کے لیے جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔اسے ہم وسائل کہتے ہیں۔وسائل دو طرح کے ہوتے ہیں

1) انسانی 2) غیر انسانی

انسانی وسائل: وہ وسائل ہیں جو کسی فرد سے متعلق ہے۔اور انھیں دوسروں کے ذریعے سے نہیں لیا جاسکتا۔آپ صرف اپنی توانائی، طاقت، علم، اور مہارتوں کا استعمال کرسکتے ہیں۔

غیر انسانی وسائل: اپنے وسائل جو سبھی استعمال کرسکتے ہیں یا پھر ایک شخص کے ساتھ ساتھ دوسرا شخص بھی استعمال کرسکتا ہے۔

انتظامیہ (مینجمنٹ) : مقصد کو حاصل کرنے کے لیے موجودہ وسائل کو کنٹرول کرنے کا طریقہ۔

پالیسی تشکیل دینا: ضرورت پڑنے پر انتظامیہ کے ہر مرحلے سے جڑے فیصلے لینا اور ان میں تبدیلی کرنا ہی پالیسی تشکیل دینا کہلاتا ہے۔

سرگرمی 3:

طلباء کو 4-5 گروپ میں منصوبہ بندی کے مرحلے کو سمجھنا اور انھیں پرچی دینا۔ جیسے پارٹی یا شادی میں جانے کا منصوبہ بنانا، دیوالی کے تہوار کے لیے منصوبہ بنانا، تاج محل جانے کے لیے منصوبہ بنانا۔ یوم پیدائش کی تقریب کے لیے منصوبہ بنانا، گھومنے جانے کے لئے منصوبہ بنانا، گھر بنانا، کبڈی کے میاچ میں اول آنا، والد کے لئے ان کا پسندیدہ کھانا بنانا، امتحان میں کامیاب ہونا، موٹر سائیکل یا کار خریدنا، اپنی لڑکی کو نرس بنانا وغیرہ۔

یا

چار یا پانچ گروپ بنائیں اور ہر گروپ سے ایک ایک طالب علم کو اس گروپ کا لیڈر بنائیں۔ پرچی کی مدد سے سنٹر پر موجود کچھ وسائل دیئے ہوئے وقت پر لانے کے لیے کہنا۔ جیسے پانچ طرح کی پتیاں، کچھ قسم کے رجسٹر الگ الگ تین یا چار ڈوپٹے یا ایک ہی رنگ کے دو یا تین ڈوپٹے یا کچھ پنسل ربر وغیرہ۔ بہت سی چیزیں۔ وقت ختم ہونے پر گروپ لیڈر گروپ کے خوبیاں اور خامیاں بتائیں گے۔ اور ان کو سدھارنے کے طور طریقوں پر بات چیت ہوگی۔ ہر طالب علم کو اپنا مقصد بتانے کے لئے کہیں۔ اُسے مقصد کیسے حاصل ہوگا اس پر اپنا خیال پیش کرنے کو کہیں۔

اہم الفاظ:

انتظامیہ (مینجمنٹ)، وسائل، مقصد۔ منصوبہ بندی، مہارت، پالیسی تشکیل دینا۔